نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی موجودگی میں مفاہمتی یاداشت (MoU) کی تقریب کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں انعقاد

پنجاب سیڈ کارپوریشن اور فوجی فرٹیلائزر کمپنی (FFC) کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط

لاہور: 22 اگست 2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی موجودگی میں پنجاب سیڈ کارپوریشن اور فوجی فرٹیلائزر کمپنی کے مابین ایک مفاہمتی یاداشت پر ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں دستخط کیے گئے جس کے تحت پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ بیج فوجی فرٹیلائزر کمپنی کے سونا سیلز سینٹرز پر کاشتکاروں کو فروخت کیلئے دستیاب ہوں گے۔

اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب، محمد شبیر احمد خان اور چیف کمرشل آفیسر فوجی فرٹیلائزر کمپنی محمد علی جنجوعہ نے مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیے۔ تقریب میں مینیجنگ ڈائریکٹر و چیف ایگزیکٹو آفیسر فوجی فرٹیلائزر کمپنی جہانگیر پراچہ، جنرل سیلز مینیجر میاں ذکاء الدین سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن اور فوجی فرٹیلائزر کمپنی کے مابین ہونے والے اس معاہدے سے کاشتکاروں کو معیاری اور تصدیق شدہ بیج با آسانی دستیاب ہو سکے گا جس سے زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا

☆☆☆☆